# ماڈل پیپر (نہم کلاس)

اردو (لازمی) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) — کل نمبر : 15

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | جبلِ ثور واقع ہے : | (A) مکہ | (B) مدینہ | (C) طائف | (D) جدہ |
| 2 | جنابِ امیرؓ کو حضور پاک ﷺ نے سلایا : | (A) چارپائی پر | (B) فرش پر | (C) پلنگ پر | (D) گدے پر |
| 3 | "مہتاب باغ" میں ٹہل رہے تھے : | (A) ذوقؔ | (B) غالبؔ | (C) حالیؔ | (D) شیفتہ |
| 4 | "اختر" کس ڈرامے کا کردار ہے : | (A) لہو اور قالین | (B) آرام و سکون | (C) قدرِ ایاز | (D) امتحان |
| 5 | فہمیدہ کے بیٹے کا نام تھا : | (A) نصوح | (B) اکبر | (C) سلیم | (D) جمن |
| 6 | کون سا درخت پھر سے ہرا ہو گیا (بحوالہ پنچایت) : | (A) گاؤں کا | (B) دوستی کا | (C) صحن کا | (D) گھر کا |
| 7 | "مراۃ العروس" کی صنفِ ادب ہے : | (A) ڈرامہ | (B) افسانہ | (C) ناول | (D) مضمون |
| 8 | نظم "حمد" کے دو قافیے ہیں : | (A) گدا، ادا | (B) تیرا، تیرا | (C) قدرت، طاقت | (D) گفتگو، آرزو |
| 9 | نظم "برسات کی بہاریں" میں کس پرندے کا ذکر ہے : | (A) مور | (B) بلبل | (C) طوطا | (D) تیتر |
| 10 | میر تقی میرؔ نے لبوں کو تشبیہ دی ہے : | (A) حباب سے | (B) شراب سے | (C) گلاب سے | (D) کباب سے |
| 11 | "محبت" کا متضاد ہے : | (A) پیار | (B) نفرت | (C) دشمنی | (D) جھگڑا |
| 12 | کون سا لفظ مذکر ہے : | (A) لحاظ | (B) بارش | (C) بہار | (D) قدرت |
| 13 | مؤنث لفظ کی نشان دہی کیجیے : | (A) جاڑا | (B) ملت | (C) چمن | (D) بُو |
| 14 | "رائیں" کا واحد ہے : | (A) آرا | (B) رعیت | (C) روا | (D) رائے |
| 15 | "مدرسہ" کی جمع ہے : | (A) درس | (B) درسات | (C) مدارس | (D) مدرس |

Result.pk

# ماڈل پیپر (نہم کلاس)

اردو (لازمی)
پرچہ : I (انشائیہ طرز)

وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر : 60

(حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

(حصہ نظم)
(i) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا
(ii) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے
(iii) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
(iv) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت — تیتر پُکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

(حصہ غزل)
(v) چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر — یاں کی اوقات خواب کی سی ہے
(vi) رہی سبز بے فکرِ کِشتِ سخن — نہ جوتا کیا میں ، نہ بویا کیا
(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی — پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے : 5,5

(الف) ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر آپ کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا : ''مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟'' عرض کیا : ''پیرومرشد ! ایک نہیں رکھا۔''

(ب) شوخ اور باتونی پرندوں میں اُلّو کا مرتبہ بہت بلند ہے کیونکہ وہ چُپ چاپ رہتا ہے اور غالباً حِسِ مزاح سے محروم ہے۔ بہت سے لوگ محض اس لیے ذی فہم سمجھے جاتے ہیں ، کہ وہ کبھی نہیں مسکراتے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

Result.pk

(i) حافظ عالم نے مسلمانوں کو مدینہ جانے کا حکم کیوں دیا؟
(ii) کس کی طبیعت میں مروت اور لحاظ بدرجہ غایت تھا؟
(iii) دلی قوئ کو بے کار چھوڑنے سے کیا ہوتا ہے؟
(iv) حضرت بی نے لڑکے کو سلام نہ کرنے پر کیا نصیحت کی؟
(v) شور کی آلودگی سے انسان کی صحت پر کیا اثر پڑتا ہے؟
(vi) شاعری اصطلاح میں غزل سے کیا مراد ہے؟
(vii) اقبال کے بقول عہدِ خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟
(viii) تشبیہ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال بھی لکھیے۔

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) قدرِ ایاز ۔ (ب) کاہلی ۔ 5

6- نصاب میں شامل نظم ''پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- ہیلتھ آفیسر کے نام اپنے محلے کی صفائی کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنے ناراض دوست کو منانے کے لیے خط لکھیے۔

8- ''اتفاق میں برکت ہے'' کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے یا ہوٹل میں کمرہ حاصل کرنے کے لیے مسافر اور منیجر کے درمیان ایک دلچسپ مکالمہ لکھیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
(ii) عثمان نے شاگرد پڑھایا۔
(iii) لڑکیوں نے کہا ہم کھانا کھا رہی ہیں۔
(iv) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔
(v) دس جگ، پانچ پلیٹیں اور ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے :
(i) بارہ برس دلی میں رہے ---
(ii) بڑا چھا ---
(iii) فقیر کی صورت ---
(iv) بات کھٹائی ---
(v) طویلے کی بلا ----

CamScanner